روحانی فیض

اپریل ۲۰۰۹

قاری محمد عباس نقشبندی

ہم فقیروں سے دوستی کر لو
گُر سکھا دیں گے بادشاہی کے


عامل پیر سید منور حسین مٹھے شاہی (واقف علم جفر)
پیر مٹھے شاہ ہاؤس محلہ ڈھکی، نور پور شاہاں۔ اسلام آباد فون: 0301-5615637)

معزز قارئین کرام ''روحانی فیض''

ہر قسم کے سفلی، کالے جادو کا علاج روزانہ ہی نہیں بلکہ ایک دن میں کئی کئی مرتبہ جادو کا وار کرائے ہوئے مریضوں سے واسطہ پڑتا ہے جو کہ در بدر خوار ہوتے ہیں۔ بہر حال میں کوئی دعویٰ تو نہیں کرتا اور نہ ہی نیا علاج کرتا ہوں بھلا میری کیا جرأت ہے کہ میں کوئی اور نیا علاج دریافت کروں جبکہ ہمارے پاس جادو کا طریقہ ہمارے جد امجد کا سلسلہ شاہ عبداللطیف بری امام سرکار سے چلا آرہا ہے جیسا کے حضورﷺ کے زمانہ اقدس سے بھی موجود ہے۔ احادیث میں ہے کہ یہودی عبید بن عاصم نے جادو کیا تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے سورۃ خلق والناس بذریعہ جبریل امین نازل کی گئیں جس سے علاج وشفاء ہوگئی اگر کوئی کہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپﷺ پر جادو کا اثر کیوں نہیں ہونے دیا تو جواب یہ ہے کہ معشیت حکمت الٰہی نے مناسب سمجھا کہ جادو کا اثر ہو جائے اس کے علاوہ کفار آپ کو جادوگر کہتے تھے۔ اور جادوگر پر جادو کا اثر نہیں ہوتا۔ دوسری وجہ ہم امتوں کی رہنمائی اور تعلیم وتربیت کرنا مقصود تھی۔ اگر آپ پھر بھی کوئی مخل خراب ہو تو افسوس ہے۔ اب تو یہ یقین محکم وعلم باقی رہ جاتی ہے۔ جس پر جادو کا وار ہو تو اسے خواب میں سانپ بچھو، بندر، کتا، ریچھ، درندہ نظر آئے، سر درد ہر وقت، کمر درد، پاؤں کے تلے کے نیچے آگ محسوس کرنا، آنکھوں میں جلن محسوس کرنا، دل کا زیادہ دھڑکنا، خواب میں قبرستان نظر آنا وغیرہ۔

اب میں علاج کی طرف آتا ہوں۔

سب سے پہلے ایک بات ذہن میں رکھیں کہ اس عمل میں سوسو بار [سلٰم قولاً من رب رحیم] اور [وتنزل من القرآن ماھو شفاء و رحمته اللمومنین] پڑھ کر پانی پردم کر کے پی لیا کریں، مثالی عمل درج ذیل ہے



نام مریض	اکمل زاہد	= ۱۰۸
آیت		= ۱۰۲۸
آیت		= ۸۱۷
چہارقل		= ۲۱۹۴۹
میزان		= ۲۳۹۲۲
نفی		= ۳۰
باقی میزان		= ۲۳۸۹۲
تقسیم		= ۴ جواب= ۵۹۷۳ کوئی کسر نہیں

ان اعداد کو خانہ نمبر 1 میں درج کر کے نقش مکمل کریں، نقش مربع کی چال آتشی ہے

طریقہ استعمال: کسی بھی چیز میں گھول کر پلائیں مثلاً پانی، دودھ، شربت، عرق، چائے وغیرہ پردم کر کے صبح نہار منہ کم از کم 21 دن تک اور زیادہ سے زیادہ 41 دن تک ضرور پییں، انہی دنوں ہمراہ دونوں آئتوں کا خوب ورد کریں انشاء اللہ شفاء کلی ہوگی۔ (مضمون کا کوئی جزو سمجھ نہ آئے تو بذریعہ خط یا فون رابطہ کریں)

خصوصی نوٹ: روحانی فیض کے قارئین کو کسی ایک سوال کا جواب یا کسی بیماری کے سلسلے میں مشورہ بلا فیس پیش کرونگا۔

جوابی لفافہ اور دفتری اخراجات کیلئے صرف -/100 روپے میرے مندرجہ بالا پتہ پر منی آرڈر کریں۔

عامل پیر سید منور حسین میٹھے شاہی (واقف علم جفر) پیر میٹھے شاہ ہاؤس محلہ ڈھکی، نور پور شاہاں، اسلام آباد فون: (0301-5615637)

کوپن روحانی دوستی

ماہنامہ ''روحانی فیض'' احمد پور شرقیہ

نام .... عمر .... تعلیم ....

دلچسپیاں ....

مکمل پتہ ....

فون نمبر .... جلد از جلد کوپن پُر کر کے بذریعہ ڈاک بھجوائیں

کوپن برائے آپ نے پوچھا

ماہنامہ ''روحانی فیض'' احمد پور شرقیہ

سوال: ____

____

نام و پتہ ____

(نوٹ: یہ کوپن پُر کر کے ماہنامہ ''روحانی فیض'' احمد پور شرقیہ نمبر 5 ضلع بہاولپور بذریعہ ڈاک ارسال کریں)

زحل

سابقہ شرف زحل 1981ء میں تھا۔ برج اسد ستارہ شمس والوں کو مبارک ہو کہ ان کی زحل کی ساڑستی یعنی ساڑھے سات سالہ پریشانی 09-10-28 کو ختم ہو جائے گی یعنی اسد شمس والے زحل کی گرفت سے آزاد ہو جائیں گے۔ سنبلہ والے بدستور زحل کی ساڑھ ستی کا شکار رہیں گے۔ زحل 29-10-2009 کو برج میزان کے صفر درجہ میں داخل ہو کر جب 21 درجہ پر پہنچے گا تو اس کو شرف حاصل ہوگا۔

(بقیہ آئندہ شمارے میں)

نادر و نایاب نقوش

زیر نظر حیرت انگیز نقش ہمیں سید مرتضیٰ شاہ صاحب نے خوشاب سے بھیجا ہے ان کے دادا جو کہ عظیم بزرگ اور عامل کامل سید محمد شاہ شیرازی تھے۔ ان کے مخفی خزانے کا درنایاب ہے۔ اور یہاں روحانی فیض کے قارئین کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے اس نقش کو تراش لیں یا احتیاط سے فوٹو اسٹیٹ کرا لیں اور فیضیاب ہوں۔ یہ ردِ سحر کے لئے مفید ہے۔ نظر بد اور حسد سے حفاظت کے لئے ہے۔ ترقی رزق روزگار اور وسعت کاروبار کیلئے اعلیٰ ہے، خود نہ بنا سکیں تو ہم سے زعفرانی بنوائیں

برائے کامیابی مقدمات، وسعت رزق وغیرہ اس نقش معظم کو لکھ کر دائنے بازو پر باندھا جائے۔ اگر شب جمعہ یا بروز جمعہ لکھا جائے تو تیر بہدف ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قولہ

وَفَتْحٌ / الرحیم	اللّٰہِ / الرحمٰن	مِنَ / اللّٰہ	نَصْرٌ / بسم
قَرِیْبٌ / بسم	وَفَتْحٌ / اللّٰہ	اللّٰہِ / الرحمٰن	مِنَ / الرحیم
وَبَشِرِ / الرحمٰن	قَرِیْبٌ / الرحیم	وَفَتْحٌ / بسم	اللّٰہِ / اللّٰہ
الْمُومِنِیْنَ / اللّٰہ	وَبَشِرِ / بسم	قَرِیْبٌ / الرحیم	وَفَتْحٌ / الرحمٰن

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ یَا کَافِی

مندرجہ ذیل نقش آیت الکرسی جسے نقش باطل سحر بھی کہا جاتا ہے چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر کسی بھی جنون دیوانہ یا جس پر سحر یا جادو کے اثرات ہوں پلایا جائے۔ ۴۱ پلیٹوں میں انشاءاللہ صحت ہو جائے گی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۳۰۱۸ / ۷۱۲	۳۰۲۱ / ۷۱۵	۳۰۲۴ / ۷۱۴	۳۰۱۱ / ۷۰۵
۳۰۲۳ / ۷۱۷	۳۰۱۲ / ۷۰۶	۳۰۱۷ / ۷۱۲	۳۰۲۲ / ۷۱۶
۳۰۱۳ / ۷۰۷	۳۰۲۶ / ۷۲۰	۳۰۱۹ / ۷۱۲	۳۰۱۶ / ۷۱۰
۳۰۳۰ / ۷۱۳	۳۰۱۵ / ۷۰۹	۳۰۱۴ / ۷۱۴	۳۰۲۵ / ۷۱۹

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ

فتح یابی کے سلسلہ میں جرأت و ہمت پیدا کرنے کیلئے دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش عظیم زعفران سے لکھ کر دائنے بازو پر یا گلے میں پہنا جائے۔ (موم جامہ کرنا لازمی ہے)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



مندرجہ ذیل نقش حروف مقطعات قرآنی کو تیار کر کے مکان یا دوکان میں لگا دیں (فریم کر کے) تو حفاظت رہے گی اور کاروبار ترقی کرے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۷۱۲	۷۱۷	۷۱۸	۷۱۵
۷۱۷	۷۰۶	۷۱۱	۷۱۶
۷۰۷	۷۲۰	۷۱۳	۷۱۰
۷۱۴	۷۰۹	۷۰۸	۷۱۹

صراط علی حق نمسکہ

قرآنی معلومات

☆ سورۃ فاتحہ کو قرآن مجید کا پیش لفظ یا دیباچہ کہتے ہیں۔

☆ قرآن مجید میں 540 رکوع ہیں۔

☆ قرآن مجید میں آیات 6666 ہیں۔

☆ قرآن مجید میں 3212670 حروف ہیں۔

☆ قرآن مجید کے آٹھ پاروں کا آغاز بسم اللہ سے ہوتا ہے۔

☆ قرآن مجید میں چار مسجدوں کا ذکر آیا ہے۔

☆ قرآن مجید میں 26 انبیاءؑ کا ذکر آیا ہے۔

☆ قرآن مجید میں سورۃ توبہ کے شروع میں بسم اللہ نہیں پڑھی جاتی۔

☆ دنیا میں زیادہ پڑھی جانے والی کتاب قرآن مجید ہے۔

☆ قرآن مجید کے 30 سپارے ہیں۔

☆ قرآن مجید نے سب سے بری آواز گدھے کی آواز کو قرار دیا ہے۔

☆ قرآن مجید کا آغاز الف اور اختتام س پر ہوتا ہے۔

☆ قرآن مجید کا دل سورۃ یٰسین ہے۔

☆ قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورت سورۃ کوثر ہے۔

☆ قرآن مجید میں سب سے پہلے حضرت آدمؑ کا ذکر آیا ہے۔

☆ قرآن مجید میں حضرت نوحؑ کی عمر 950 برس بتائی گئی ہے۔

☆ قرآن مجید رمضان کے مہینے میں نازل ہونا شروع ہوا۔

☆ قرآن مجید حضور اکرم ﷺ پر نازل ہوا۔

☆ قرآن مجید اللہ کی آخری کتاب ہے۔

قرآن مجید کا نزول نصیحت اور غور و فکر کیلئے

1۔ (پارہ نمبر 5 سورۃ النساء آیت نمبر 82)

ترجمہ۔ کیا وہ قرآن میں غور نہیں کرتے اور اگر وہ سوائے خدا کے اور کسی کے پاس سے آیا ہوتا تو اس میں بہت سے اختلاف پاتے۔

2۔ (پارہ نمبر 7 سورۃ انعام آیت نمبر 104)

ترجمہ۔ بے شک تمہارے پروردگار کے پاس سے تمہارے پاس دلیلیں آچکیں اب جو سمجھے نفع اس کی ذات کیلئے اور جو آنکھیں بند کرلے ضرور اس کیلئے اور میں تمہارا اس معاملہ میں نگران نہیں ہوں۔

3۔ (پارہ نمبر 9 سورۃ اعراف آیت نمبر 204)

ترجمہ۔ اور جس وقت قرآن پڑھا جائے تو اُسے توجہ سے سنو اور خاموش رہو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔

4۔ (پارہ نمبر 12 سورۃ یوسف آیت نمبر 2)

ترجمہ۔ بے شک ہم نے اس قرآن کو عربی زبان میں اُتارا ہے تا کہ تم لوگ سمجھو۔

5۔ (پارہ نمبر 15 سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 41)

ترجمہ۔ اور ہم نے تو اس قرآن میں طرح طرح سے بیان کر دیا تا کہ لوگ کسی طرح سمجھیں مگر اس سے تو ان کی نفرت ہی بڑھتی گئی۔

6۔ (پارہ نمبر 18 سورۃ النور آیت نمبر 01)

ترجمہ۔ یہ ایک سورۃ ہے جسے ہم نے نازل کیا ہے۔ اور اس کے احکام کو فرض کر دیا ہے۔ اور اس میں ہم نے واضح و روشن آیتیں نازل کیں تا کہ تم (غور کر کے) نصیحت حاصل کرو۔

7۔ (پارہ نمبر 23 سورۃ ص آیت نمبر 29)

ترجمہ۔ (اے رسولؐ) کتاب (قرآن) جو ہم نے تمہارے پاس نازل کی ہے۔ برکت والی ہے تا کہ لوگ اس کی آیتوں میں غور کریں اور تا کہ عقل والے نصیحت حاصل کریں۔

8۔ (پارہ نمبر 23 سورۃ الزمر آیت نمبر 27)

ترجمہ۔ اور ہم نے تو اس قرآن میں لوگوں کے (سمجھانے کے) واسطے ہر طرح کی مثل بیان کر دی تا کہ یہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔

9۔ (پارہ نمبر 25 سورۃ جاثیہ آیت نمبر 06)

ترجمہ۔ یہ خدا کی آیتیں ہیں جن کو ہم ٹھیک (ٹھیک) تمہارے سامنے پڑھتے ہیں تو خدا اور اسکی آیتوں کے بعد کونسی بات ہوگی جس پر یہ لوگ ایمان لائیں گے۔

10۔ (پارہ نمبر 28 سورۃ الحشر آیت نمبر 21)

ترجمہ۔ اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر اتارتے تو تم اس کو خوف خدا سے لرزتا اور پھٹتا دیکھ لیتے اور یہ مثالیں ہم کل آدمیوں کیلئے بیان کرتے ہیں تا کہ غور و فکر کریں۔

اَلحَمدُ اللّٰہِ عَلٰی نِعمَائِہٖ وَاشکُر عَلٰی آلائہٖ ط

پیش کش:۔ سید قمر عباس، محمد کاظم علی جھنگ صدر

آپ کو شوگر ہے؟

یہ الفاظ کسی بھی انسان کے جذبات میں ہلچل پیدا کر دیتے ہیں شب و روز اسی فکر میں گذرنے لگتے ہیں کچھ لوگ تو باقاعدہ اس کا غم مناتے ہیں۔ تاہم ہر ایک کا رویہ مختلف ہوتا ہے۔ لیکن جب آپ مرض پر حاوی ہو جاتے ہیں تو یہ سب کچھ گذری داستان بن جاتی ہے۔

جب ڈرائیونگ سیکھی جاتی ہے تو یہ پوری توجہ مانگتی ہے اور جب آپ ماہر ہو جاتے ہیں تو پھر اس کیلئے زیادہ توجہ درکار نہیں ہوتی بلکہ یہ آسائش بن جاتی ہے۔ یہی حال شوگر کا بھی ہے۔

یہ ہے کیا؟ جب خون میں شوگر بڑھ جاتی ہے تو جسم شوگر استعمال نہیں کر پاتا اور یوں ہمارا بدن شوگر سے حاصل ہونے والی قوت سے محروم ہو جاتا ہے اس محرومی سے پیدا ہونے والی تکالیف کا مجموعہ ذیابطیس ہے۔ انسولین کم ہو جاتی ہے یا پھر وہ اثر نہیں کرتی۔

انسولین کیوں ضروری ہے؟ اس کے بغیر جسم شوگر استعمال نہیں کر سکتا۔ شوگر ذخیرہ نہیں ہو سکتی اور خون میں بڑھتی جاتی ہے پھر پیشاب کے راستے خارج ہونے لگتی ہے۔ شوگر متعدی مرض نہیں ہے لیکن اس میں وراثت، موٹاپے اور خوش خوراکی کا بڑا دخل ہے۔

اقسام چھوٹی عمر میں ہونے والی شوگر جس میں انسولین لازمی لگتی ہے اسے ٹائپ I کہتے ہیں۔

دوسری قسم میں گولیوں اور ورزش سے بھی علاج ہو سکتا ہے اسے ٹائپ II کہتے ہیں۔

دونوں صورتوں میں غذا کا پرہیز ضروری ہے۔

میں ہی کیوں اس کا شکار ہوا؟

بات تو واقعی دکھ کی ہے لیکن آپ اکیلے نہیں دنیا میں کروڑوں لوگ ایسے مریض ہیں۔ اطمینان رکھیں خدانے آپ کو اتنا ذہین، سمجھ دار اور ذمہ دار جانتے ہوئے ہی آپ پر یہ بوجھ ڈالا ہے لیکن وہ کسی پر اس کی ہمت سے زیادہ بوجھ...

صدمے اور پریشانی سے تعلق؟

کسی حد تک لیکن براہ راست ہرگز نہیں، زیادہ پیاس، شوگر کا مریض عام لوگوں کی نسبت پانچ گنا زیادہ پیشاب کرتا ہے اور جسم میں پانی کی کمی ہو جاتی ہے اسلئے پیاس زیادہ لگتی ہے۔ پیشاب کی جگہ پر خارش اور سوجن بھی ہو جاتی ہے بلکہ کئی دفعہ تو یہی تکلیف ہی شوگر کی تشخیص کا باعث بنتی ہے۔

دیگر بیماریاں شوگر

کئی بیماریاں انسولین کے مخالف مادے پیدا کرتی ہیں جس سے شوگر بڑھ جاتی ہے۔ موٹاپے میں انسولین کم پڑ جاتی ہے۔ بہت سارے مریض صرف وزن کم کر کے شوگر نارمل رکھ سکتے ہیں۔

مریض کے اہل خانہ اور دوست احباب

ان کو چاہیئے کہ مریض کے ساتھ تعاون کریں اس کو معذور نہ بنائیں اس کو بد پرہیزی پر مجبور نہ کریں کسی کو کچھ نہ کچھ ضرور کھلانا محبت کی علامت نہیں۔ مریض اور ذیابطیس کے درمیان کڑی نہ بنیں۔ خاطر تواضع کے اور بھی کئی طریقے ہیں۔

تحریر:- ڈاکٹر فرخ محمود صاحب لاہور 0333-4491810

پاکستان اور شوگر

اندازاً ایک کروڑ لوگوں کو شوگر ہے اور 25 لاکھ کو اس کا پتا نہیں۔ لوگ غلط فہمیوں اور توہم پرستی کی وجہ سے تکلیف اٹھاتے ہیں۔ شوگر جتنی عام ہے اس کے بارے علم بھی اتنا ہی عام ہونا چاہیئے۔

گروپ / میٹنگز

ایک ہی طرح کے مسائل سے دوچار لوگ آپس میں بات چیت کر کے سکون اور فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اس طرح شوگر کے مریض ایک ایسوسی ایشن بنا کر نارمل زندگی گزار سکتے ہیں لیڈر چن سکتے ہیں۔ یہ لیڈر کوئی ڈاکٹر بھی ہوسکتا ہے لیکن اس کا اخلاق بھی اتنا ہی اچھا ہونا چاہیئے جتنی کہ اس کی تعلیمی ڈگریاں۔

کڑوی چیزیں اور شوگر

اس میں کوئی حقیقت نہیں یہ ایک جاہلانہ مفروضہ ہے۔ کوئی گرما بوٹی شوگر کے علاج میں معاون نہیں ہے۔ شہد بھی چینی کی طرح مضر ہے۔ عام حالات میں یہ انتہائی اعلیٰ خوراک ہے مگر شوگر کے مرض میں یہ فارمولا غلط ہے۔

متوازن غذا

اس میں نشاستہ، چکنائی، پروٹین، وٹامن اور نمکیات سب شامل ہوتے ہیں۔ شوگر کے مرض میں بھی ان تمام اجزاء کی ضرورت ہوتی ہے۔

انسولین کے بغیر گزارہ؟

ہاں ہوسکتا ہے۔ 80 فیصد مریض اس کے بغیر ہی علاج کرتے ہیں۔ ضرورت کے وقت ہی ڈاکٹر انسولین کا مشورہ دیتے ہیں۔ کھانے والی کوئی انسولین نہیں ہے لیکن سونگھنے والی انسولین آئندہ سالوں میں دستیاب ہوگی۔

انسولین کا ٹیکہ

صحیح طریقہ، صحیح مقدار، صحیح وقت یہی ٹیکہ لگانے کے اصول ہیں۔ ٹیکہ کے بعد فاقہ کرنا غلط ہے اس طرح زیادہ خوراک بھی شوگر بڑھا سکتی ہے احتیاط کی جائے تو ایک سرنج سے کئی بار ٹیکہ لگایا جا سکتا ہے۔

انسولین / آخری علاج

شوگر میں انسولین کی کمی ہو جاتی ہے جسے ہم مریض کا وزن کم کر کے پوری کرتے ہیں۔ یا پھر گولیوں کی مدد سے اس کی پیداوار بڑھاتے ہیں اگر پھر بھی ایسا ممکن نہ ہو تو ٹیکے کی شکل میں اس کمی کو پورا کیا جاتا ہے۔ ہزاروں لوگ برسہا برس سے انسولین لے رہے ہیں تو پھر یہ آخری علاج تو نہ ہوا بلکہ بالکل صحیح علاج ہے۔

شوگر اور جنسی زندگی

شوگر کا ان نازک جذبات پر بہت اثر ہوتا ہے توانائی کی کمی اور تھکاوٹ کا احساس رہتا ہے اگر ایسا ہے تو ڈاکٹر سے کھل کر بات کریں خاموشی سے جلتے رہنا زیادتی ہے۔ عورتوں میں بھی اندرونی رطوبت خشک ہو جاتی ہے۔ جس سے سردمہری پیدا ہوتی ہے۔ مردوں میں نامردی علیحدگی کی وجہ بن سکتی ہے مرد تناؤ میں کمی کی بات کرتے ہوئے شرم محسوس کرتے ہیں اور بیوی سے کتراتے ہیں جس سے افسردگی اور ناامیدی کا ایک باب کھل جاتا

ہے۔نفسیاتی انتشار آ جاتا ہے۔تناؤ کی بحالی سے زندگی کی رنگینی لوٹ آتی ہے اس کیلئے ویاگرا بہت موثر علاج ہے اور آپکا ساتھی ادھوری زندگی سے بچ جاتا ہے۔

ویاگرا /عیاشی

نہیں ہرگز نہیں۔ یہ عیاشی کی دوا ہرگز نہیں ہے۔ جب عضو مخصوص کی خون کی نالیاں تنگ اور سخت ہو جائیں تو یہ ویاگرا وہاں خون کا بہاؤ بڑھا دیتی ہے۔ویاگرا نہ تو جنسی خواہش بڑھاتی ہے نہ وقفہ لمبا کرتی ہے بلکہ بیمار لوگوں کی ایک حقیقی ضرورت پورا کرتی ہے۔

گولیاں /انسولین /خوب خوراک

نہیں کہ آپ ڈٹ کر کھائیں کیونکہ آپ گولیاں یا انسولین لے رہے ہیں گولیاں اور انسولین بد پرہیزی کا لائسنس نہیں بلکہ شوگر کو متوازن رکھنے کے اوزار ہیں۔

دوسرے طریقہ علاج

جامن، کریلے، افریقہ کے بیر اور لہسن وغیرہ سے علاج کے بے بنیاد دعوے کیے جاتے ہیں مگر جڑی بوٹیوں میں اس کا کوئی علاج نہیں خصوصاً انسولین لینے والے مریضوں پر ایسے تجربات خطرناک نتائج کا باعث ہوتے ہیں۔

Ketones کیٹونز کیا ہیں؟

جب شوگر بُری طرح بے قابو ہو تو جسم توانائی کے حصول کے لئے چربیاں ستعمال کرتا ہے چربی کی توڑ پھوڑ کے نتیجے میں پیدا ہونے والے فاسد مادے کیٹونز کہلاتے ہیں اور دماغ میں پہنچ کر غنودگی اور بے ہوشی طاری کرتے ہیں۔

یہ ایک ایمرجنسی ہے۔

میٹھے کا شوق

اگر بیماری کے بارے تمام تر معلومات ہیں تو کم مقدار میں میٹھا استعمال کیا جاسکتا ہے۔ورنہ کینڈرل اور سویٹکس جیسے مصنوعی میٹھے پر گذارہ کریں بازار میں ایسے ڈرنکس، جام، جیلی، کھیر اور ملک شیک بھی ملتے ہیں۔ چاول، روٹی اور ڈبل روٹی سب برابر ہیں روٹی کی جگہ ابلے چاول کھائے جاسکتے ہیں انڈہ بھی منع نہیں ہے اگر کولیسٹرول زیادہ ہو تو زردی استعمال نہ کریں۔

وزن کی کمی /علامات

ضروری نہیں کہ وزن کم ہو۔اگر انسولین کی کمی ہو تو شوگر چربی کی شکل میں جمع نہیں ہو سکتی بلکہ پیشاب کے راستے خارج ہوتی ہے اس لئے وزن کم ہو جاتا ہے۔ بچوں میں علامات جیسے پیاس، زیادہ پیشاب تھکاوٹ، خارش وغیرہ تیزی سے ظاہر ہوتی ہیں تاہم بڑی عمر میں یہ علامتیں اتنی شدید نہیں ہوتیں۔

پیشاب اور خون کی شوگر کا تعلق

یہ دونوں ہرگز الگ نہیں ہیں لیکن ایسا ممکن ہے کہ خون میں شوگر زیادہ ہو مگر پیشاب میں نہ ہو اس لئے بلڈ شوگر چیک کرنا زیادہ بہتر ہے۔

وزن کم رکھیں

تا کہ اگر آپ کا لبلبہ تھوڑی بہت انسولین بنا رہا ہے تو موٹاپا اسکی کارکردگی رکاوٹ نہ بنے۔

مشورے ہی مشورے

چاروں اطراف کے مفت مشوروں پر کان نہ دھریں بڑے شہروں سے جدید علاج کو چھوڑ کر کسی گاؤں میں کسی سیانے کے علاج کو محض افواہ خیال کریں آپکی صحت اور پیسہ بہت قیمتی ہے۔ بھیڑ چال کا شکار نہ ہوں۔

کم شکری یا ھائپو

اگر انسولین یا گولیوں کی زیادہ مقدار استعمال کر لی جائے اور اس کی نسبت کھانا کم کھایا جائے تو خون میں شکر کی مقدار ایک خاص حد سے کم ہو جائے گی تو بھوک اور بے چینی کا احساس ہوگا دل کی دھڑکن تیز اور پسینے آتے ہیں۔ مریض بے حال ہو جاتا ہے اس کو ہائپو کہتے ہیں۔ چینی، گلوکوز یا کوئی اور میٹھی چیز کھانے کے کچھ دیر بعد حالت سنبھل جاتی ہے۔

شوگر اور حمل

شوگر کی مریض یقیناً ماں بن سکتی ہے مگر دوران حمل شوگر کنٹرول کرنا انتہائی اہم ہے اور انسولین کا استعمال ضروری ہے۔ حمل کے بعد دوبارہ گولیاں استعمال کر سکتے ہیں۔

شوگر اور غذائیں

نشاستہ، چکنائی اور پروٹین کی جو مقدار عام لوگوں کو درکار ہوتی ہے۔ وہی شوگر کے مریضوں کیلئے ضروری ہے۔ اگر چہ قدرت کی نعمتوں سے ہاتھ روکنا آسان نہیں لیکن خواہشات اور جذبات پر قابو پانا ہی بہادری ہے۔

HbA1C

یہ ٹیسٹ بتاتا ہے کہ پچھلے تین ماہ کے دوران شوگر کا کنٹرول کتنا معیاری تھا اگر نتیجہ

7 ہے	تو	معمولی کنٹرول
6 ہے	تو	اچھا کنٹرول
6-5	کے درمیان	اعلیٰ کنٹرول
7 سے زیادہ	تو	مرض بے قابو ہے

یورین اور بلڈ شوگر ٹیسٹ

یورین کا ٹیسٹ آسان ہے اور کم خرچ بھی پیشاب قطرہ قطرہ بنتا اور ہر قطرہ اس لمحے کی بلڈ شوگر بتا سکتا ہے یورین شوگر اس تمام عرصے کی اوسط بلڈ شوگر کا ایک اندازہ ہوتا ہے جس عرصے میں یہ پیشاب بنا تھا۔

صحیح اور معیاری پیمانہ بلڈ شوگر کا چیک ہی ہے۔

برائے معلومات عامہ یہ مضمون شائع کیا گیا ہے۔

ہماری شہرہ آفاق ادویات

ہیپی کیپسولز

جنسی کمزوری، سستی، نامردی، سرعت انزال احتلام، جریان، پٹھوں کا کھچاؤ، عام جسمانی کمزوری کی بلند پایہ دوا

پیکنگ 10 کیپسولز
قیمت -/250 روپے

استھما کیپسولز

دمہ قلبی، بلغمی، سانس کی تنگی، سانس کا پھول جانا، دائمی قبض، سینے میں بلغم رکاوٹ کا مستقل علاج

پیکنگ 20 کیپسولز
قیمت -/150 روپے

رموٹل کیپسولز

جوڑوں کے درد، پٹھوں کا کھچاؤ، عصبی درد وجع المفاصل، گیلٹھیا، عرق النساء، اور تمام جسمانی دردوں کا فوری علاج

پیکنگ 10 کیپسولز
قیمت -/150 روپے

السریکس کیپسولز

معدہ کا درد، سوزش معدہ، تیزابیت، بدہضمی سینے کی جلن، آنتوں کی سوزش کا فوری علاج

پیکنگ 20 کیپسولز
قیمت -/150 روپے

فوری اثر روغن

جوڑوں کا درد، فالج لقوہ، ہاتھ پاؤں کا سن ہو جانا، فیکچر کا درد، پولیو۔ جس کے استعمال سے فوری آرام آجاتا ہے۔

پیکنگ 120 ملی لیٹر

جوہر شوکتہ الجمل کیپسولز

ہیپاٹائٹس B,C کی مجرب دوا، ALT کو نارمل کرتی ہے۔ جگر کی سوزش معدہ کی تیزابیت یرقان کی مجرب دوا

پیکنگ 60

ہول سیلز ڈسٹری بیوٹرز کیلئے رعایت بہت زیادہ خط لکھ کر تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں۔

کنٹ | لسٹ | سیمپل فری

نیز خط لکھ کر گھر بیٹھے بذریعہ VPP بھی منگوا سکتے ہیں۔

AL-SEHAT

الصحت دواخانہ

انارکلی بازار پریس مارکیٹ منڈی بہاؤالدین

فون نمبر:- 0321-7742916 - 0345-5754707

ابجد قمری

ابجد عربی زبان کا لفظ ہے۔ حروف تہجی کو ابجد کہتے ہیں عربی میں 28 فارسی میں 32 اور اردو میں 35 حروف تہجی ہوتے ہیں۔ کسی علم یا فن کی مبادیات کو بھی ابجد کہتے ہیں۔ لہٰذا الف، بے، تے جیم پڑھنے والے ننھے طالب علموں کو ابجد خواں کہتے ہیں۔ آج کل سوٹ کیسوں اور بریف کیسوں میں ابجد کا قفل بھی مستعمل ہے۔ جس کے حروف یا نمبر گھمانے سے قفل کھل جاتا ہے اور خاص ترکیب کو بدلنے سے بند ہو جاتا ہے۔ علم جفر میں ابجدات کی تعداد 28 ہے مگر 29 ویں ابجد منقلب بھی ہے۔ جس کا پاکستان میں کسی عامل کو پتہ نہیں ہے۔ صرف **مجھ خاکسار** آغا حسنین احمد عامل کو 29 ویں ابجد منقلب کا علم ہے یا راولپنڈی میں **میرے** لائق شاگرد سید تنویر حیدر نقوی کو بھی ابجد منقلب از بر یاد ہے ابجد میں زیر۔ زبر۔ پیش۔ جزم۔ شد۔ مد۔ کھڑی **مد**۔ ہمزہ۔ کا کوئی عدد نہیں ہوتا۔ ہر مومن پر واجب ہے کہ وہ ابجد قمری کو از بر یاد کر لے جو یہ ہے۔

ا	ب۔پ	ج۔چ	د۔ڈ	ه	و	ز۔ژ
1	2	3	4	5	6	7
ح	ط	ی	ک۔گ	ل	م	ن
8	9	10	20	30	40	50
س	ع	ف	ص	ق	ر۔ڑ	ش
60	70	80	90	100	200	300
ت۔ٹ	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
400	500	600	700	800	900	1000

ابجد قمری زود اثر ہوتا ہے۔ ابجد شمسی قوی الاثر ہوتا ہے

دولت و عزت شہرت فتحیابی آپ کے دروازے پر دستک دے رہی ہے

﴿لوح شرف قمر﴾

کارساز مطلق رب کریم ہے جب کوئی شخص کوئی عمل کرتا ہے۔ تو اس کے متعلقہ موکل حکم غیبی کے منتظر ہوتے ہیں۔ شرف قمر کے دن چونکہ برکات انوار کی خاص تجلی ہوتی ہے۔ اس لئے اس شرف میں اصولی طور پر عمل کیا جائے تو تاثیر میں شک کی گنجائش نہ کریں۔ یقین کامل کے ساتھ کیے گئے عمل سے خدا کے پاک کلام اور بزرگوں کی ترکیب میں ضرور اثر ہوتا ہے۔ کیونکہ قرآن مقدس میں فرمان خداوندی ہے کہ خدا کسی کی محنت کو ضائع نہیں کرتا۔ اس موقع کو ہرگز ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ اور طریق کار میں غلطی نہ ہونے دیں۔ فراڈ عاملوں کی چرب زبانی میں نہ پھنسیں۔ صرف اور صرف علم سے وابستہ رہیں

﴿طریق کار لوح شرف قمر﴾

ترقی عہدہ۔ ترقی روزگار۔ کاروبار ہر قسم کی ترقی کے لئے آیت "لا الہٰ الا اللہ رفیع جلالہٗ" لیں اس کے عدد 594 ہیں اس کے موکل کا نام جنائیل ہے متعلقہ اسم الحسن یا رفیع ہے

حصول دولت خوش بختی، خوش قسمتی، بخت آوری انعامی بانڈ، رزق کے لئے آیت **"یغنیهم الله من فضله"** لیں اور اس کے عدد 2186 ہیں۔ اس کا موکل ھمقغتائیل ہے اسم احسن یا غنی ہے۔

اگر کوئی اور کام رکا ہوا ہے کامیابی یا فتحیابی درکار ہے یا کوئی خواہش پوری نہ ہوئی ہو۔ انتخابات میں کامیابی مطلوب ہے تو آیت **"نعم المولیٰ و نعم النصیر"** لیں اور اس کے عدد 824 ہیں۔ اس کا موکل ہفذائیل ہے اور اسلم اعلیٰ یا نصیر ہے (قبلہ مرحوم کاش البرنی نے اس آیت کا موکل کلھائیل لکھا جو غالباً کتابت کی غلطی ہے قارئین تصحیح فرمالیں)

اب اپنے نام کے عدد ابجد قمری سے لیں۔ مثلاً حسنین احمد بن وزیرہ کے اعداد 511 جمع آیت نمبر 1 کے اعداد 594 + آیت نمبر 2 کے اعداد 2186 + آیت نمبر 3 کے اعداد 824 کل مجموعہ میں سے عدد 120 تفریق کیا تو 4115-120=3995 کو 4 پر تقسیم کریں تو 998 حاصل قسمت حاصل ہوا۔ اور باقی تین بچے اگر تقسیم کرنے سے باقی ایک بچے تو خانہ نمبر 13 اگر 2 بچے تو خانہ نمبر 9 اور اگر 3 بچے تو خانہ نمبر 5 میں ایک عدد کے اضافہ سے تکمیل نقش ہوگی۔

(نوٹ: قمر کا مزاج آبی ہے لہٰذا اس لوح کا نقش مربع آبی چال سے مکمل ہوگا۔)

عملیات میں ابجد قمری کا بہت زیادہ عمل دخل ہے۔ قمر 28 شب و روز میں اپنی متعلقہ 28 منازل طے کرتا ہے۔ جو شرطین سے شروع ہو کر رشا تک ختم ہوتی ہے۔ ہر منزل کا تعلق ابجد قمری کے ایک ایک حرف سے ہے۔ جو شخص 28 حروف ابجد قمری کی سادہ ذکات لکھے اور پڑھے تو اس کی زبان اور تحریر میں غضب کا اثر ہو جاتا ہے۔ یہ ذکات اصغر کہلاتی ہے۔ عامل کامل کی اجازت کے بعد با موکل ذکات ابجد قمری شروع کریں۔ ورنہ پاگل پن کا اندیشہ ہے۔ یا حادثاتی موت ہوگی۔

حروف ابجد قمری کی تکمیل ذکات اصغر کا پرچہ مع اجازت نامہ جوابی لفافہ بھیج کر مفت طلب کریں۔

یہ ذکات 14 یوم میں مکمل ہو سکتی ہے۔ ذکات اصغر میں کوئی خدشہ یا کوئی خطرہ نہیں ہے۔ ہر ستارہ کی لوح بنانے کا اختیار صرف اسی عامل کو ہے جو ابجد کی ذکات اصغر و اکبر اور چلہ کشی مکمل کر چکا ہو ورنہ فراڈ ہے۔ تین یوم میں ہر کام مکمل کرنے والے اور سیکنڈوں میں محبوب کو قدموں میں گرانے والے اشتہاری عاملوں سے دور رہیں۔

آپ سدا علم سے وابستہ رہیں۔ علم نور ہے روشنی ہے خود شناسی ہے اس سے رب کی معرفت حاصل ہوتی ہے

سنہری موقع

شرف قمر

ایک ہی لوح میں 5 یکجا مقاصد

ترقی ۔رزق۔ صحتیابی۔ عدل و سلامتی

قمر کو برج ثور میں درجہ 3 پر شرف ہوتا ہے اس کا متعلقہ ملک جبرائیل علیہ السلام ہے۔ جن کا ورد [یا رحمن ۔ یا رحیم] ہے اور قمر کا متعلقہ موکل اسمائیل ہے۔ شرف قمر میں جو شخص یا رحمن یا رحیم 556 بار محلول گلاب زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے فوائد بے بہا حاصل کرے گا۔ اپنے سے زیادہ طاقتور مخالف نے تنگ کر رکھا ہو تو پرانی قبر کی مٹھی بھر خاک پر مکمل سورۃ فجر ایک بار پڑھ کر دم کریں اور یہی خاک دشمن کے گھر میں پھینک دیں تو بحکم خدا ظالم ذلیل و خوار ہوگا۔ ناجائز ہر گز نہ کریں

(نقش چال مربع آبی)

۱۲	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۱	۵

نقش مربع کی یہ چال دفع مرض ودفع سحر، دفع آسیب برائے حصول اولاد، ترقی عہدہ، ترقی کاروبار، ترقی تعلقات، اولاد، رہائی از قید، رزق، حب علوئے رتبہ، حصول دولت، خوش بختی، خوش قسمتی، بخت آوری، انعامی بانڈ، فراخی رزق، رکے ہوئے کام کھولنے میں، ہر کام میں کامیابی فتح یابی کے لئے خاوند، اولاد، بیوی محبوب کی فرمانبرداری کے لئے مجرب و موثر ہے۔

اکثر کرم فرما مجھ سے شمس، زہرہ، زحل عطارد، مشتری اور مریخ کی شرف اوج کی الواح بنوا چکے ہیں اگر وہ شرف قمر کی لوح بھی بنوالیں تو ان کا ساتوں ستاروں کا سیٹ شرف سیارگان مکمل ہو جائے گا میں 08-3-11 کو 66 برس کا ہو چکا ہوں۔ کوئی اعتبار نہیں کہ کب بلاوا آجائے، محسن کرم فرماؤں کی دعاؤں سے زندہ ہوں دعا فرمائیں کہ خدا مجھے بندگان خدا کی مزید روحانی خدمات کا موقع مرحمت فرمائے،

(مثالی لوح شرف قمر)

یہ لوح مجھے کام دے گی ہر شخص کی لوح الگ الگ بنتی ہے۔ ہم کوئی لوح ٹھپہ سے نہیں بناتے

لوح میں نقش مربع کے اضلاع یوں قائم کریں

۱۰۵۱	۹۹۸	۱۰۲۷	۱۰۳۹
۱۰۲۳	۱۰۴۳	۱۰۴۷	۱۰۰۲
۱۰۳۱	۱۰۱۹	۱۰۰۶	۱۰۵۹
۱۰۱۰	۱۰۵۵	۱۰۳۵	۱۰۱۵

حسنین احمد بن وزیرہ

خانہ پری کے بعد نقش کے میزان کو ہر طرف سے چیک کرلیں کہ درست ہو۔ لوح کے نیچے یہ عزیمت بھی لکھیں یا رافع ارفع حسنین احمد بن وزیرہ اجب یا جنٹائیل بحق لا الہ الا اللہ رفیع جلالہ ... یا غنی اغن حسنین احمد بن وزیرہ اجب یا ھمتغفائیل بحق یغنیھم اللہ من فضلہ... یا نصیر انصر حسنین احمد بن وزیرہ اجب یا جفزائیل بحق نعم المولیٰ و نعم النصیر... عوام کے لئے حسنین احمد کی بجائے ان کا نام مع والدہ درج ہوگا۔ اور ہر فرد کی لوح الگ الگ کندہ ہوگی ہم ٹھپہ نہیں لگاتے ہر لوح پر متعلقہ ورد ہم خود کردیں گے۔ اس لوح کو پلاسٹک